# کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سے متعلق رپورٹ
# بابت مالی سال اختتامیہ 30 ستمبر 2024

**معززممبران،**

وطن عزیز کی ایک ذمہ دار کارپوریٹ ادارہ ہونے کے ناطے سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ کو معاشرے کے کل کو آج سے زیادہ مضبوط تر بنانے کیلئے اپنی ذمہ داریوں کا مکمل احساس ہے۔ضابطہ اخلاق کے مطابق جس سے اس کے عزائم کی توثیق ہوتی ہے کہ بنیادی انسانی حقوق کی پاسداری کی جائے ،اور تمام ملازمین، صارفین اور اندرونی و بیرونی شراکت داروں کے ساتھ انصاف اور مساوات پر مبنی برتاؤ روا رکھا جائے تاکہ ایک شفاف، قابل بھروسہ معاشرہ تشکیل دیا جائے جو کہ تعصب، امتیازی سلوک، تشدد اور خوف سے پاک ہو۔

انسانی خدمت کے جذبے کے تحت معاشرتی اہداف کے حصول، رضا کارانہ طور پر خیراتی کاموں کی حمایت کرنے اور اخلاقی فرائض کے طور پر ادا کئے جانے والے فرائض کی وجہ سے معاشرے پر بامعنی اثرات مترب ہوئے ہیں،قومی خدمت کے جذبے کے تحت ملازمین کو معاشرے میں ذمہ داریاں نبھانے کے مواقع فراہم کئے گئے ہیں، اس ضمن میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے باقاعدہ بجٹ کی منظوری دی گئی ہے، تاکہ سی ایس آر کے تحت اٹھائے جانے والے قدامات کے نفاذ اور طریق کار کی نگرانی کی جا سکے۔کمپنی کی جانب سے ایسے اقدامات اٹھائے گئے ہیں کہ کمپنی کے بنیادی کاروباری افعال کو پیش نظر رکھتے ہوئے ماحولیات اور معاشرے کی بہتری کیلئے پوری ذمہ درای کے ساتھ حکمت عملی اور کاروباری ضابطہ اخلاق مرتب کیا جا سکے۔کمپنی اس بات کیلئے پر عزم ہے کہ معاشرے، ماحولیات اور معاشی اہداف کو مدنظر رکھتے ہوئے،عوام الناس کی امیدوں کے عین مطابق، اپنے کاروباری امور کو سرانجام دے۔

مستقل بنیادوں پر پاکستان کے معاشرے اور افراد کی ترقی وفلاح و بہبود کی خاطر کمپنی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔کمپنی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ معاشرے میں شراکت کی بنیادوں پر معاشی اور معاشرتی اقدار استوار کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔اس سلسلے میں کمپنی کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں شراکت داروں تک معلومات بہم فراہم کرنے کیلئے درج ذیل رپورٹ پیش کی جارہی ہے:

**شعبہ تعلیم:**

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- صنفی مساوات
- مہذب کام اور معاشی نشوونما
- معیاری تعلیم

کمپنی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ تمام لڑکے اور لڑکیوں کی مکمل فیس معافی، مناسب اور معیاری بنیادی اور ثانوی تعلیم کا خیال رکھا جائے جو موئثر نتائج پر مبنی ہو اور اس بات کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے کہ بچوں کی معیاری نشوونما اور بنیادی تعلیم سے قبل کے تمام یعنی قبل از پرائمری مراحل تک ہر لڑکے اور ہر لڑکی کو رسائی حاصل ہوتا کہ وہ بنیادی تعلیم کے حصول کیلئے مکمل طور پر تیار ہوں۔

ملک کے دیہی علاقوں سے ناخواندگی کو دور کرنے کے سلسلے میں کمپنی کی جانب سے القلم ایجوکیشن سسٹم، سانگھڑ قائم شدہ 2008 کے تعاون سے ایک تعلیمی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے اور ملز کی ایمپلائز کالونی کے احاطے سے متصل تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، سہولیات کی فراہمی میں اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے تشدد کا پہلو اس میں شامل نہ ہو اور قابل اساتذہ کی زیرنگرانی انتہائی مناسب فیس پر اعلیٰ تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں اور یہ سہولیات فیکٹری کے ملازمین کے علاوہ ان بچوں کو بھی فراہم کی جائیں جو فیکٹری کے قرب و جوار میں رہتے ہیں۔

تعلیم کا یہ عمل کنڈرگارٹن کے مرحلے میں ایک کمرے سے شروع کیا گیا جس میں بچوں کی کل تعداد محض دس (10) تھی۔ لیکن اب چند دنوں ہی کی بات ہے کہ یہ اسکول آٹھویں جماعت تک ترقی کر چکا ہے اور اس میں طلباء کی تعداد دوسو چھیاسٹھ (266) تک پہنچ چکی ہے، ان میں سے 160 لڑکے اور 106 لڑکیاں زیرتعلیم ہیں جن کیلئے 15 اساتذہ کو مقرر کیا گیا ہے، ان اساتذہ میں سے 3 مرد حضرات اور بقیہ 12 خواتین ہیں۔ طلباء کا تعلق مل کے ملازمین سے ہے اور بقیہ طلباء قرب جوار کے علاقوں سے حصول تعلیم کیلئے آتے ہیں۔ اسکول خوبصورت عمارت، صاف ستھرے ماحول اور تمام بنیادی سہولیات پر مشتمل ہے۔ اسکول کی عمارت مکمل طور پر ڈھکی ہوئی ہے اور عمارت ہوادار اور روشن درسگاہوں، کمپیوٹر لیبارٹری، کھیل کے میدان اور ٹک شاپ پر مشتمل ہے اور اسکول میں مستقل پاور سپلائی کا نظام بھی موجود ہے۔ اسکول کو قائم کرنے کا بنیادی مقصد علاقے کے غریب عوام کی مدد کرنا، لڑکیوں کی تعلیم کو بالخصوص فروغ دینا، بچوں کی تعلیم و تربیت میں اسلامی اقدار کو بروئے کار لانا اور بچوں میں یہ احساس پیدا کرنا ہے کہ وہ اپنی اہمیت کو پہچانیں۔ دورافتادہ علاقوں میں تعلیم کی فراہمی ایک بڑا مسئلہ ہے، بالخصوص ان لوگوں کیلئے جنھیں معیاری اور جدید تعلیم کی سہولیات ان کے گھروں کے پاس مہیا نہیں ہیں یا وہ ان سہولیات سے فائدہ اٹھانے کی سکت نہیں رکھتے۔ علاوہ ازیں، اسکول میں مختلف ایام منانے کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے جیسا کہ سالانہ اسپورٹس ڈے اور پیرنٹس ڈے وغیرہ۔ اس سال اسکول انتظامیہ کی جانب سے کمپنی کی انتظامیہ سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ اسکول کے طلباء کیلئے پکنک کا انتظام کیا جائے، کمپنی کی جانب سے اس سلسلے میں رقم اور دیگر سہولیات کا بندوبست کیا گیا ہے، طلباء کو حیدرآباد اور قرب و جوار کے علاقوں کی سیر کروائی گئی ہے۔

## صحت اور طبی سہولیات:

### مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف

- اچھی صحت اور فلاح و بہبود

کمپنی کی جانب سے طبی سہولیات وصحت کے سلسلے میں گرانقدر خدمات انجام دی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں جسمانی سہولیات کے ساتھ ساتھ مالی معاونت کا بندوبست بھی کیا گیا تھا، یہ مالی معاونت امراض چشم اور خون کے امراض کے علاج کیلئے فراہم کی گئی۔

ملازمین کی ذہنی وجسمانی صحت کمپنی کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ مختلف شعبوں سے ملازمین نے آگ بجھانے اور ابتدائی طبی امداد کی تربیت میں شرکت کی۔ ملازمین اور ان کے خاندانوں کھیلوں کی سہولیات سے خوب لطف اندوز ہوئے۔ کمپنی کی جانب سے ملازمین کی صحت پر خوشگوار اثرات مرتب کرنے کی غرض سے کھیلوں اور تفریحی مشاغل کا بندوبست بھی کیا گیا ہے، اس قسم کے مشاغل کے باعث ایک دوسرے سے میل جول کے مواقع ملتے ہیں، ایک مثبت کارپوریٹ کلچر فروغ پاتا ہے، فلاح و بہبود کو فروغ ملتا ہے، انسان کی عزت نفس پروان چڑھتی اور کام کا ماحول تفریح فراہم کرنے لگتا ہے۔ کام سے متعلق امراض کی قبل از وقت تشخیص کیلئے طبی معائنے کئے جاتے ہیں تاکہ سنجیدہ نوعیت کی معذوری اور صحت کے مسائل کا تدارک کیا جاسکے۔

کمپنی کی جانب سے حادثات کو کم از کم کرنے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جاتے ہیں، ضروری طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں اور ملز کے اندر اور قرب و جوار میں ماحول کو سرسبز اور صاف ستھرا رکھنے، ملازمین کی صحت کو یقینی بنانے، کمپنی کے افعال کو خطرات سے پاک رکھنے اور صارفین اور عوام الناس کی صحت اور حفاظت کو ممکن بنانے کی غرض سے تمام مروجہ قواعد وضوابط کے عین مطابق کمپنی کی جانب سے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے قابل اور تجربہ کار طبی ماہرین کے زیرنگرانی کمپنی ملازمین اور قرب و جوار کے عوام کیلئے ایک ڈسپنسری بھی چلائی جارہی ہے۔ فیکٹری میں ایک ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسسٹنٹ دستیاب رہتے ہیں۔ مزید برآں، جب اور جہاں ضرورت کی بنیاد پر " کڈنی ڈیلاسس سینٹر سانگھڑ " میں کمپنی کی جانب سے عطیات فراہم کئے جارہے ہیں۔

## پینے کا صاف پانی اور نکاسی آب

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- صاف پانی اور نکاسی آب
- اچھی صحت اور فلاح و بہبود

کمپنی کی جانب سے پانی اور ماحولیات کے سلسلے میں مستقل بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جاتے ہیں، یہ اقدامات کاروباری اور کمیونٹی کی سطح پر اٹھائے جاتے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے ہمہ وقت یہ کوشش جاری رہتی ہے کہ پانی کے استعمال کو کم از کم کرنے کیلئے اپنے نظام میں مزید سے مزید تر بہتری پیدا کی جائے، نیز کمپنی اس سلسلے میں کمیونٹی اور بیرون اداروں سے بھی مسلسل رابطے میں رہتی ہے تاکہ پانی اور ماحولیات کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات کو زیادہ سے زیادہ حمایت حاصل ہو سکے۔ کمپنی مندرجہ ذیل اقدامات کے ساتھ پانی اور ماحولیات پر مستقل کام کر رہی ہے:

الف) ہمارے طریق کار اور نظام میں مستقل بنیادوں پر تجدید کا عمل ہوتا کہ پانی کے استعمال کو کم از کم سطح پر لایا جا سکے، ہر آنے والا سال گزرے ہوئے سال کے مقابلے میں بہتر ہونا چاہیئے۔

ب) کمیونٹی صاف پانی اسکیم - ہمارے قرب و جوار میں رہائش پذیر لوگوں کیلئے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب۔

کمپنی کی جانب سے پینے کے صاف پانی تک ہمہ وقت اور مناسب رسائی حاصل کر لی گئی ہے۔ کمپنی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ تمام افراد تک پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے اور پانی کی عدم فراہمی کی وجہ سے بیمار ہونے والے افراد کی تعداد میں کمی لائی جائے اور پانی کی فراہم اور نکاسی کیلئے مقامی کمیونٹی کی شراکت کے عمل کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جائے۔

لہذا کمپنی کی جانب سے ریورس اوسموسس پلانٹ کا بندوبست کیا گیا ہے جس کے ذریعے یومیہ 5000 گیلن پانی کو صاف کیا جا سکے گا اور اس طرح پینے کا صاف پانی ملز اور قرب و جوار میں رہنے والے عوام کو فراہم کیا جا سکے گا۔

## کمیونٹی اور معاشرتی ترقی:

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- بھوک کا مکمل خاتمہ
- غربت کا جڑ سے خاتمہ

کمپنی کی توجہ بنیادی طور پر اس جانب مرکوز ہے کہ کمپنی سے متعلق کمیونٹی اور ملازمین کے معاشرتی حالات میں بہتری لائی جائے اور اس ضمن میں کمپنی کی جانب سے حالات کار کو سازگار بنانے، پیشہ ورانہ امور میں حفاظت کو یقینی بنانے، معاشرتی معیارات قائم کرنے، کم از کم اجرت کا تعین کرنے اور بچوں سے مشقت لینے اور جبری مشقت کے خلاف مکمل عدم برداشت جیسے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

علاقے میں گنے کی کاشت کرنے والے کسانوں کی امداد کیلئے اور مستقبل میں گنے کی اعلی معیار کی فصل کے حصول کیلئے اور گنے کی وافر مقدار کو ممکن بنانے کیلئے کسانوں کو اعلی معیار کے بیج فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اعلی معیار کی کھاد بھی فراہم کی جا رہی ہے تاکہ مستقبل میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ گنے کی اعلی معیار اور وافر مقدار کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جا سکے جو کہ شوگر ملز کیلئے ایک بنیادی خام مال ہے۔

کمپنی کی انتظامیہ معاش پیدا کرنے اور معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے قرب و جوار کے علاقوں میں مقامی کمیونٹیز سے خدمات حاصل کرنے کو ترجیح دیتی ہے اور خاص طور پر ان علاقوں میں پسماندہ افراد کے لیے تعلیم، صحت اور بہبود پر سب سے زیادہ توجہ مرکوز ہے۔

## شجر کاری:

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- پائیدار شہر اور کمیونٹیز
- زمین پر زندگی
- موسمیاتی تبدیلی

شجر کاری کی مہم ہمارے سی ایس آر پروجیکٹ کی سرگرمیوں میں سے ایک اہم ترین سرگرمی ہے۔ کمپنی کی جانب سے کمپنی کے احاطے میں ایک گرین ہاؤس قائم کیا گیا ہے جہاں پودوں کو پروان چڑھانے اور ان پر تحقیق کرنے کا مکمل بندوبست کیا گیا ہے اور سانگھڑ کے مقامی موسم کے مطابق ان پودوں پر تحقیق بھی کی جاتی ہے۔ ہماری جانب سے فیکٹری کے احاطے میں اور قرب و جوار میں کئی درخت لگائے گئے ہیں اور ملازمین میں بھی پودے تقسیم کئے گئے ہیں تاکہ وہ اپنی رہائش گاہوں کے قریب بھی شجر کاری کو فروغ دے سکیں تاکہ ہمارا ماحول صاف ستھرا اور سرسبز ہو جائے۔

کمپنی کا ہدف ہے کہ مال سال 2025-26 کے دوران 10,000 درخت لگائے جائیں، نیز فیکٹری کے اندر اور قرب و جوار میں 4,000 درخت لگائے جا چکے ہیں۔

## بندوبست برائے انسانی وسائل:

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- مہذب کام کاج اور معاشی نشو ونما
- عدم مساوات میں کمی
- صنفی مساوات

**الف) ملازمین**

انسانی وسائل کو مؤثر طریقے سے بروئے کار لانے کیلئے ایسی پالیسیاں اور طریق کار وضع کئے گئے ہیں کہ تعیناتیوں میں شفافیت اور میرٹ کی جھلک نظر آئے۔ اس مقصد کیلئے خدمات کی جانچ پڑتال کا ایک جامع نظام روبہ عمل ہے جس کے نتیجے میں تنخواہوں میں اضافے، ترقیوں، بونس اور نقد انعامات وغیرہ کے فیصلے کئے جاتے ہیں۔ اپنی معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے کمپنی کی جانب سے ایسے افراد کو خصوصی تربیت دی جاتی ہے جو خصوصی تربیت کے بعد کمپنی کیلئے قیمتی اثاثہ ثابت ہوتے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے چند خصوصی افراد کو بھی انسانی وسائل کا حصہ بنایا گیا ہے۔ کمپنی کی جانب سے تمام ملازمین کے ساتھ جائز سلوک روا رکھا جاتا ہے اور انھیں اجرت کی ادائیگی کے سلسلے میں صنعت کی روایات کی مکمل پاسداری کی جاتی ہے۔ کمپنی کی جانب بہت سی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جیسا کہ اضافی مراعات، سالانہ چھٹیاں، ٹرانسپورٹ، مطعم اور سازگار اور صاف اور ستھرے ماحول کار کے علاوہ گروپ انشورنس، اولڈ ایج بینیفٹس کی ادائیگیاں، ورکرز ویلفیئر فنڈ اور ورکرز پروفٹ پارٹیسپیشن فنڈ جیسی سہولیات بھی میسر ہیں۔ کمپنی ایمانداری اور بھروسے جیسے اصولوں پر یقین رکھتی ہے اور کمپنی کے تمام ملازمین کی نجی زندگی میں عدم مداخلت کو اہمیت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

مستحق افراد کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے ایک اپرنٹس ٹریننگ پروگرام ترتیب دیا گیا۔ یہ پروگرام نوجوانوں کو مینوفیکچرنگ کے عمل کے بارے میں ہنرمند بنانے اور ان کے علم اضافہ کرنے کے قابل بناتا ہے۔

**ب) خصوصی افراد**

کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے اس بات کو اہمیت دی جاتی ہے کہ دیہی علاقوں میں رہنے والے خصوصی افراد کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کئے جائیں تاکہ ان لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری لانے میں مدد مل سکے۔ مزید برآں، کمپنی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی افراد کو روزگار فراہم کرنے پر بھی زور دیا جاتا ہے۔ حال ہی میں کمپنی کی جانب سے 16 خصوصی افراد ملازمت دی گئی ہے، ان خصوصی افراد میں ہکلاہٹ، بہرہ پن، گونگ، (حادثات کے باعث) لنگڑاپن، مصنوعی ٹانگ، امراض چشم اور پولیو سے متاثرہ معذوریوں جیسی معذوریاں شامل ہیں۔

ج) خواتین کی خودمختاری

کمپنی اپنی پالیسیوں کومزید وسعت دینے کے مراحل میں ہے اوراس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ قانوناً ایسی پالیسیوں کے نفاذ کوممکن بنایا جاسکے جن کے ذریعے جنسی تفاوت کوختم کیا جائے اور ہر سطح پرخواتین اورلڑکیوں کے مؤثر کردار کوممکن بنایا جائے اورانھیں برابری کی بنیاد پرمواقع فراہم کئے جائیں اوروہ بھی اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پرلیڈرشپ کا کردار ادا کرسکیں خواہ سیاسی، معاشی یا معاشرتی میدان ہی کیوں نہ ہو۔ حال ہی میں غیرانتظامی ڈائریکٹر جیسے اعلی عہدے پرایک خاتون کوفائز کرکے بورڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔

## سرکاری ومعاشی میدانوں میں کمپنی کا حصہ:

**مستقل بنیادوں پرترقی کا ہدف**

- صنعتی اختراعات وبنیادی ڈھانچہ
- سستی اورصاف توانائی

کمپنی کی جانب سے قومی ترقی میں اپنا بھرپور حصہ ملایا جارہا ہے اوراس ضمن میں کمپنی اپنی آمدن سے ٹیکسوں، ڈیوٹیز اور دیگر لیویز کی مد میں ادائیگیاں کررہی ہے۔ پاکستان اس وقت شدید توانائی بحران سے گزررہا ہے اوراس مسئلے سے نمٹنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ اس مسئلے کی وجہ سے تمام شعبوں کولوڈشیڈنگ اور پاورشٹ ڈاؤن کا سامنا ہے۔ خواہ گھریلو صارفین ہوں یا صنعتی صارفین سب ہی اس مسئلے سے دوچار ہیں۔ توانائی کی اہمیت کومدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کی جانب سے توانائی کے شعبے میں بھاری سرمایہ کاری کی گئی ہے جس میں مشینری اور آلات کی تنصیب شامل ہے جس سے ہمارے صنعت سازی کے عمل کوبھی توانائی کی فراہمی اندر سے ہی پوری ہوجاتی ہے۔

## خاندانوں کی امداد:

**مستقل بنیادوں پرترقی کا ہدف**

- غربت کا خاتمہ
- بھوک وافلاس کا خاتمہ

کمپنی کی جانب سے ہمیشہ ضرورت مند خاندانوں کی انسانی بنیادوں پر بڑھ چڑھ کرامداد کی جاتی ہے اورانھیں کھانا فراہم کیا جاتا ہے، ایسے مواقع پرکمپنی کے ملازمین بھی بطور رضا کار امدادی اشیاء متاثرین تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ امدادی سامان کمپنی کی ٹیموں کے ذریعے براہ راست متاثرین تک پہنچایا جاتا ہے۔

## بقائے ماحولیات:

**مستقل بنیادوں پرترقی کا ہدف**

- صنعتی اختراعات وبنیادی ڈھانچہ
- ذمہ دارانہ کھپت وپیداوار
- حیات ارضی

کمپنی کی جانب سے فراہمی ونکاسی آب کی سرگرمیاں اورمنصوبے مرتب کئے گئے ہیں، جن میں واٹر ہارویسٹنگ، ڈیسیلینیشن، واٹر ایفیشنسی، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ، ری سائیکلنگ اورری یوز ٹیکنالوجی کوزیر استعمال لایا جارہا ہے۔ لہذا کمپنی کی جانب سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ بذریعہ ایکٹیویٹڈ سلج پروسس (کیمیکل + بائیلوجی) پروسس بمقام ملز کوحتمی شکل دے دی گئی ہے تاکہ سندھ انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کی جانب سے مقررہ SEQs کی پاسداری کی جا سکے۔ پانی کا فضلاء خارج کرنے سے پہلے اسکی ٹریٹمنٹ کی جاتی ہے اور وقفے وقفے سے اس کی جانچ بھی کی جاتی ہے تا SEQs کی مکمل پاسداری کو یقینی بنایا جاسکے۔ گزشتہ سال کے مقابلے میں مجموعی طور پر پانی کے استعمال میں کمی لائی گئی ہے۔ ویسٹ واٹر ری سائیکلنگ پلانٹ کی تجدید کا کام بھی کیا گیا ہے تاکہ ری سائیکلنگ کے عمل کومزید مؤثر بنایا جاسکے۔ مائع فضلے کوافلوئینٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ (ETP) میں ٹریٹ کیا جاتا ہے جسے معیاری ٹریٹمنٹ طریق کار کے تحت چلایا

جار ہا ہے۔ اندروانی اور بیرونی دونوں ہی لحاظ سے ٹیسٹ کئے جاتے ہیں تا کہ قومی سطح پر نافذ العمل معیارات کی پاسداری کو ممکن بنایا جاسکے۔ ہر کچھ عرصے کے بعد مائع فضلے ماحولیات کو نقصان پہنچانے والی خصوصیات کو جانچا جاتا ہے تا فضلے کے حتمی اخراج سے قبل SEQs کی مکمل پاسداری کی جاسکے۔

## سولر پاور جنریشن:

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- **ذمہ دارانہ کھپت**
- **صنعتی اختراعات و بنیادی ڈھانچہ**
- **قابل برداشت صاف ستھری توانائی**

دوران سال، کمپنی کی جانب سے اکاؤنٹس آفس، ایڈمن، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کین کے شعبوں کیلئے 10 کلوواٹ کا سولر سسٹم نصب کیا گیا ہے۔

مطعم، وئیر ہاؤس اور مل کے 20 ملازمین کے رہائشی کوارٹر پر انفرادی سولر سسٹم بھی نصب کئے گئے ہیں جن کی مجموعی پیداواری گنجائش 5 کلوواٹ ہے۔

ہماری جانب سے مین فیکٹری ایریا اور ورکشاپ میں 50 کلوواٹ کا سولر پاور جنریشن سسٹم بھی نصب کیا گیا ہے تا کہ سیزن کے علاوہ جب مرمت اور دیکھ بھال کا کام کرنا ہو تو کسی تعطل اور رکاوٹ کے بغیر کام کو جاری رکھا جاسکے۔ اس طرح نا صرف ڈیزل کی بچت ہوگی بلکہ واپڈا سے خریدی جانے والی بجلی میں بھی کمی واقع ہوگی۔

## سی ایس آر منصوبے:

**مستقل بنیادوں پر ترقی کا ہدف**

- **ذمہ دارانہ کھپت**
- **صنعتی اختراعات و بنیادی ڈھانچہ**
- **قابل برداشت اور صاف ستھری توانائی**
- **اچھی صحت**

کمپنی کی جانب سے فروری 2025 میں مل کے ملازمین اور قرب جوار میں رہنے والے عوام الناس کیلئے مفت آئی کیمپ لگائے جانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ کمپنی کی جانب سے اپنی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے پوری مل میں سولر پاور کی تنصیب کا منصوبہ بنایا گیا ہے، اس منصوبے پر مختلف مراحل میں عمل کیا جائے گا، ہمارے منصوبے کے تحت 250 کلوواٹ کا سولر پاور جنریشن سسٹم لگایا جائے گا، تا کہ سیزن کے علاوہ جب مرمت اور دیکھ بھال کا کام کرنا ہو تو کسی تعطل اور رکاوٹ کے بغیر کام کو جاری رکھا جاسکے اور ڈیزل کی کھپت کو کم از کم کیا جاسکے۔ حال ہی میں ہماری جانب سے دفاتر، ہاسٹل، مطعم اور ملازمین کی کالونی میں سولر پاور سسٹم نصب کئے گئے ہیں۔

سیزن کے دوران کمپنی کے آلات اور مشینری کو کمپنی کی اپنی پیدا شدہ بجلی سے ہی چلایا جاتا ہے، اور اس دوران سولر پاور سے پیدا کی جانے والی بجلی کو حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو سپلائی کر دیا جائے گا، یہ سپلائی نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی کی اجازت سے بذریعہ نیٹ میٹرنگ کی جائے گی، اس طرح آف سیزن میں HESCO کے بلوں کی ایڈجسٹمنٹ بھی کی جاسکے گی۔ اس سلسلے مجاز اتھارٹیز سے منظوری کا انتظار ہے، امید ہے کہ اس عمل کو جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

کمپنی کی جانب سے "Digital Tranformation" کا منصوبہ بھی بنایا گیا اور اس منصوبے پر کام بھی جاری ہے، اس منصوبے کے تحت بزنس پروسیس، کلچر اور صارفین کے تجربات کے عمل کو مرتب کرنے کیلئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا تاکہ ہر لمحہ بدلتے کاروباری حالات اور مارکیٹ کی بدلتی ضروریات سے ہم آہنگ ہوا جاسکے۔ کاروبار کو اس ڈیجیٹل دور میں نئے انداز سے ترتیب دینے کو ہی "Digital Tranformation" کہتے ہیں۔ اس منتقلی (Transformation) کے فوائد میں وقت کی بچت، لاگت کی بچت، ٹیم ممبران کو خود مختاری بذریعہ خودکار نظام، ڈیٹا کا ایک مرکز کے تحت مربوط ہونا اور کاغذی دستاویزات سے پاک ماحول وغیرہ شامل ہیں۔ ڈیجیٹل ٹرانسفورمیشن کی وجہ سے تمام ایپلیکیشنز، ڈیٹا بیس اور سافٹ ویئرز سینٹرل ریپازیٹری سے منسلک ہو جائیں گے اور کاروباری ذہانت میں کئی گناہ اضافہ ہوسکتا ہے۔ ڈیجیٹل ٹرانسفورمیشن نا صرف کمپنی کے آئی ٹی ڈپارٹمنٹ کا ایک فعال یونٹ ہے، بلکہ یہ کمپنی کے تمام شعبوں کا احاطہ کرسکتا ہے، اور یہ سسٹم پروسیس ری انجینیئرنگ، اختراعات اور پوری کمپنی میں کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

بنیادی ڈھانچے کی تجدید کے سلسلے میں مختلف اقسام کے اقدامات اٹھائے جاچکے ہیں جن میں مندرجہ ذیل اقدامات شامل ہیں:

گرین انرجی اور کم لاگت انرجی کے حصول کیلئے مزید قابل اعتماد انرجی مکس کی جانب اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

خام مال کی ہمہ وقت فراہمی کو ممکن بنایا جارہا ہے۔ پیداوار کے معیار میں بہتری لانے کیلئے ایسے تمام عوامل کو کنٹرول کیا جارہا ہے جو کہ معیار بڑھانے میں معاون ہوسکتے ہیں۔ خام مال کو اسٹور کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کیا جارہا ہے تاکہ ایک جانب خام مالی کی عدم فراہمی سے بچا جاسکے تو دوسری جانب خام مال کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کو بھی کنٹرول کیا جاسکے۔

## اداشدہ اخراجات:

کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی سرگرمیوں پر آنے والے اخراجات کو مالیاتی رپورٹ کے نوٹس میں "دیگر کاروباری اخراجات" کے عنوان سے رپورٹ کیا گیا ہے۔

کراچی: 30 دسمبر 2024

غلام دستگیر راجڑ

چیئرمین

کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کمیٹی